سورۃ الحجرات 49

آیت نمبر 10

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ

مومن ہی ایک دوسرے کے بھائی بھائی ہیں تو اپنے بھائیوں کے درمیان صلح کروا دو
اللہ سے ڈرو شاید کہ تم پر رحم کیا جائے۔

اِنَّمَا ← بیشک ایسا ہی ہے

بیشک بیشک بیشک

اِنَّ ← اَنَّ ← نَّ (نون ثقیلہ)

یقیناً یقیناً یقیناً یقیناً

لام لازم ← قد ← لقد ← اِنَّمَا

یہ سب کلمات یقیناً اور تاکید کے معنی لیے ہوتے ہیں مگر سب سے زیادہ زور سے یقین اور تاکید کے اظہار کے لیے لفظ (انما) کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اسے اداءۃ الحصر کہتے ہیں یعنی یہ کلمہ اپنے بعد والی عبارت کا محاصرہ کر لیتا ہے۔

الْمُؤْمِنُوْنَ ← ال + مُؤْمِنُ + وْنَ ← حقیقی مومن

خاص — مومن — جمع کی علامت

اِخْوَةٌ ← اخوت ← بھائی بھائی

اردو میں مستعمل ہے

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ

بیشک مومن ہی آپس میں بھائی بھائی ہیں۔

فَاَصْلِحُوْا	پس تم سب صلح کروا دو
بَيْنَ	درمیان

اَخَوَيْكُمْ ← اخوين + كم ← تمھارے بھائیوں کے درمیان

بھائیوں تمھارے

جب کسی کلمے میں جمع یا مثنیٰ کی علامت لگی ہو اور اسکے ساتھ کوئی ضمیر متصل ہو تو علامت جمع و مثنیٰ کا دوسرا حرف محذوف ہو جاتا ہے

ہُ ← ھا ← ھما ← ھم ← ھنَّ ← (ضمائر غائب)

كَ ← كِ ← كما ← كم ← كنَّ ← (ضمائر مخاطب)

ی ، نا ← (ضمائر متکلم)

علامت جمع: و ا / و ن / ی ن

علامت مثنیٰ: ا -- / ا ن / ی ن

محذوف ہو جائیں گے

فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ

پس اپنے بھائیوں کے درمیان صلح کروا دو

و ← اور

اتق ← ڈر

اتق + وا ← تم سب ڈرو

اتَقُوا اللّٰہَ ← تم سب اللہ سے ڈرو

لَعَلَّکُمْ ← لعل + کم ← تم سب

↓

تاکہ شاید کہ

جمع کی علامت

تُرْحَمُوْنَ ← تُ + رُحَمُ + وْنَ

مضارع + مخاطب کی علامت

فعل مضارع کی علامت پر پیش اور تیسرے حرف پر زبر ہو تو

وہ فعل مجہول ہوتا ہے۔ Passive voice یُفْعَلُ تُرْحَمُوْنَ

اور اگر فعل ماضی ہو تو پہلے حرف پر پیش اور دوسرے کے نیچے ہمیشہ زیر ہوتا ہے ایسے فعل کو فعل مجہول کہتے ہیں۔

فَعَلَ ← فُعِلَ ← کُتِبَ

تُرْحَمُوْنَ

تم رحم کیے جاؤ

وَ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنِ

اور اللہ سے ڈرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔

سورۃ الحجرات 49

آیت نمبر 10

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ

مومن ہی ایک دوسرے کے بھائی بھائی ہیں تو اپنے بھائیوں کے درمیان صلح کروا دو
اللہ سے ڈرو شاید کہ تم پر رحم کیا جائے۔